Session - 9th
No - 21
Date 28-7-2025
Department Home.

# تحریک استحقاق

میں مورخہ 25-07-26 کی رات اپنے حجرے میں موجود تھا۔ کہ میرے حلقہ نیابت کی یونین کونسل کس کورونہ کے کچھ عمائدین جن میں اسی یونین کونسل کے بلدیاتی نمائندے بھی شامل تھے مجھے بتایا کہ انکے علاقے سے ایک لڑکے کو پار ہوتی کے SHO عجب خان نے بے گناہ گرفتار کیا ہے۔ اس سلسلے آپ ہماری مدد کریں۔

میں نے SHO عجب خان کو بذریعہ فون بار بار رابطہ کیا۔ میری تیسری کوشش پر انہوں نے میری کال وصول کی۔ میں نے ان سے اس سلسلے میں پوچھنا چاہا جس پر جواب میں اس نے میرے ساتھ نہایت تضحیک آمیز رویہ اختیار کیا۔ بعدازاں میں نے جناب نثار خان DPO مردان کو بذریعہ فون رابطہ کر کے تمام تفصیل سے آگاہی دی اور ساتھ میں بتایا کہ میں پولیس سٹیشن پار ہوتی جارہا ہوں آپ بھی وہاں تشریف لے آئیں۔ جس پر وہ خود تو نہ آئے لیکن جناب شفیع خان SP کو بھیج دیا۔

پولیس سٹیشن میں SHO عجب خان نے میرے استفسار پر وہاں موجود تمام لوگوں کو سامنے میرے ساتھ ایک بار پھر نہایت بدتمیزی کا سلوک کرتے ہوئے حد درجہ تضحیک آمیز رویہ اختیار کیا۔ یہاں تک کہ مجھ پر حملہ کرنے کی بھی کوشش کی گئی جو کہ وہاں پر موجود لوگوں نے ناکام بنائی۔ اس تمام واقع کے عینی شاہدین موجود ہیں جن میں جناب شفیع خان SP سرفہرست ہیں۔

جناب سپیکر صاحب، پولیس سٹیشن پار ہوتی کے SHO عجب خان کے اس رویہ پر بحیثیت ممبر صوبائی اسمبلی نہ صرف میرا بلکہ اس پورے معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہذا آپ اس استحقاق کو مزید کاروائی کے لئے متعلقہ کمیٹی کے حوالے کریں۔

M 28/07/25

محمد عبدالسلام آفریدی

ممبر صوبائی اسمبلی پی کے 58

PRIVILEGE MOTION
Session No. 9th
Notice No 21
Received Time 12:00